## عوام بالخصوص مخیر حضرات جنوبی وزیرستان سے میں دہشت گردی کے باعث نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں، الطاف حسین کی اپیل

### جنوبی وزیرستان میں دہشت گردی سے متاثرہ افراد محبّ وطن پاکستانی اور ہمارے مسلم بھائی بہن ہیں

### آزمائش کی اس گھڑی میں ان مجبور و بے کس خاندانوں کی مدد کرنا ہر پاکستانی کا بنیادی فرض ہے

لندن۔۔۔29، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیرّ حضرات سے پرزور اور دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ جنوبی وزیرستان میں انتہاء پسندوں کی دہشت گردیوں کے باعث نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جنوبی وزیرستان میں انتہاء پسند دہشت گردوں کی دہشت گردیوں اور آپریشن کے باعث ان علاقوں سے ہزاروں خاندانوں کو اپنا گھر بار چھوڑ کر نقل مکانی کرنے پر مجبور ہونا پڑا اور آج جنوبی وزیرستان کے ہزاروں خاندان صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں شدید سرد موسم میں کسمپرسی اور بھوک وافلاس کی زندگی گزار رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جنوبی وزیرستان میں دہشت گردی سے متاثرہ افراد محبّ وطن پاکستانی اور ہمارے مسلم بھائی بہن ہیں اور آزمائش کی اس گھڑی میں ان مجبور و بے کس خاندانوں کی مدد کرنا ہر پاکستانی کا بنیادی فرض ہے۔جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیرّ حضرات سے پرزور اور درمندانہ اپیل کی کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں جنوبی وزیرستان سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں ہرگز تنہا نہ چھوڑیں اور ان کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں۔

## طالبان، جماعت اسلامی اور کالعدم دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو نشانہ بنانے کے ناپاک منصوبوں کا فوری نوٹس لیا جائے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔29 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ طالبان، جماعت اسلامی اور کالعدم دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو نشانہ بنانے کے ناپاک منصوبوں کا فوری نوٹس لیا جائے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن اور ناظم آباد سے جو دہشت گرد بھاری اسلحہ، گولہ بارود اور خودکش جیکٹس سمیت گرفتار ہوئے ہیں انہوں نے جن کا تعلق طالبان، لشکری جھنگوی اور جماعت اسلامی سے ہے انہوں نے ایم کیوایم کے مرکزی رہنماؤں اور ایم کیوایم کی دیگر اہم شخصیات کو نشانہ بنانے کا ناپاک منصوبہ بنایا تھا جو ان دہشت گردوں کی گرفتاری سے بروقت ناکام ہوگیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو شروع دن سے طالبانائزیشن کے خلاف ہے اور وہ عوام کو اس خطرے سے باخبر کرتی آئی ہے اسی لئے طالبان، جماعت اسلامی اور اس جیسی دیگر دہشت گرد تنظیمیں ایم کیوایم کو نشانہ بنانے کی گھناؤنی سازشیں کررہی ہیں۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان سازشوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث تمام عناصر کو گرفتار کیا جائے۔

## کراچی کے عوام آج غیر معمولی چوکس اور محتاط رہیں، رابطہ کمیٹی

### نماز جمعہ کے اجتماعات کے موقع پر تمام مساجد، امام بارگاہوں اور مصروف پبلک مقامات پر خصوصی حفاظتی انتظامات کئے جائیں

### کورنگی، سہراب گوٹھ، گڈاپ، سرجانی اور بفرزون سے خودکش بمبار اور غیر ملکی دہشت گردوں کی گرفتاری پر پولیس کو خراج تحسین

کراچی۔۔۔ 29 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی پولیس کی جانب سے جمعہ کو شہر میں دہشت گردی کے خطرے کا انتباہ جاری کئے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کراچی کے عوام سے کہا ہے کہ وہ جمعہ کو غیر معمولی طور پر چوکس اور محتاط رہیں تاکہ درندہ صفت اور انسانیت دشمن دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے جمعرات کی شب جاری کئے گئے ایک بیان میں کہا کہ پولیس کے ذرائع سے ملنے والی یہ اطلاعات انتہائی افسوسناک ہیں کہ دہشت گردوں نے کراچی میں معصوم عوام کی جانوں سے کھیلنے کیلئے

جمعۃ المبارک جیسے دن کا انتخاب کیا ہے۔ان حالات کا تقاضا ہے کہ کراچی شہر کے تمام علاقوں میں نماز جمعہ کے اجتماعات کے موقع پر تمام مساجد، امام بارگاہوں اور مصروف پبلک مقامات پر بھی خصوصی حفاظتی انتظامات کئے جائیں۔رابطہ کمیٹی نے کراچی میں ممکنہ دہشت گردی کے خلاف پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کریک ڈاؤن کے دوران کورنگی سوکوارٹر سے خودکش بمبار عبدالرحیم اور اس کے 6 ساتھیوں، بفرزون میں مدرسہ رحمانیہ سے تاجک اور افغانی باشندوں سمیت متعدد غیر ملکیوں، سہراب گوٹھ، گڈاپ اور سرجانی کے علاوہ کراچی کے مختلف علاقوں سے درجنوں غیر ملکی دہشت گردوں اور خودکش بمباروں کی گرفتاری کو خوش آئند قرار دیا اور کہا ہے کہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی انتہائی قابل تعریف ہے اور ہم پولیس و قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حکام اور اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

## آج ٹی وی کی ٹیم پر حملے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔29 اکتوبر، 2009

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلشن اقبال میں نامعلوم افراد کی جانب سے آج ٹی وی کی نیوز ٹیم پر حملے اور کیمرہ توڑنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صحافی برادری کو پیشہ وارانہ فرائض سے روکنا اور انہیں مغلظات بکنے کا عمل قابل مذمت اور آزاد صحافت کی کھلی خلاف ورزی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ آج ٹی وی کی نیوز ٹیم پر حملے اور کیمرہ توڑنے کا فوری نوٹس لیا جائے اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## قائد تحریک کی ہدایت پر گلگت، اسکردو اور شگر میں مفت طبی امدادی کیمپوں کا قیام

### میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے ڈھائی ہزار افراد کا طبی معائنہ کیا اور مفت ادویات فراہم کیں

### مریضوں کی بڑی تعداد نے طبی کیمپوں سے استفادہ کیا، مفت طبی معائنہ اور ادویات کی فراہمی پر قائد تحریک سے اظہارِ تشکر

گلگت۔۔۔29 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیر اہتمام گلگت، اسکردو اور شگر میں غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کی سہولت کیلئے مفت طبی امدادی کیمپ قائم کیے گئے۔ان طبی کیمپوں میں تقریباً ڈھائی ہزار افراد کا طبی معائنہ کیا گیا اور مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی گئیں۔گلگت میں قائم کیے گئے کیمپ میں پہلے روز ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں نے 600 سے زائد مریضوں کا مکمل طبی معائنہ کرکے انہیں مفت ادویات فراہم کیں جبکہ اسکردو اور شگر میں لگائے گئے طبی امدادی کیمپ میں بھی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے 1800 سے زائد افراد کا طبی معائنہ کیا اور انہیں ادویات مفت فراہم کیں۔گلگت، اسکردو اور شگر کے عوام کی بڑی تعداد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے فراہم کی جانے والی مفت طبی سہولتوں سے استفادہ کیا۔گلگت، اسکردو اور شگر کے عوام نے غریبوں کو ضروری طبی امداد اور ادویات کی مفت فراہمی پر قائد تحریک الطاف حسین کا شکر ادا کیا۔دریں اثناء ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی ایک ٹیم گلگر گاؤں روانہ ہوگئی ہے جہاں ضرورت مند اور غریب مریضوں کیلئے دو روزہ طبی کیمپ قائم کیا جائے گا۔

## حق پرست عوام شمیم آپا کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

### رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مقامی اسپتال میں شمیم آپا کی عیادت کی

لندن۔۔۔29 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی کارکن شمیم آپا کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام خصوصاً ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ شمیم آپا کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعائیں کریں۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، شاہد لطیف، شعبہ خواتین کی انچارج و حق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ، اراکین سندھ اسمبلی بلقیس مختار اور مقیم عالم نے گلستان جوہر کے مقامی اسپتال میں زیر علاج محترمہ شمیم آپا کی عیادت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے انہیں گلدستہ پیش کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹروں کو ہدایت کی وہ شمیم آپا کے علاج معالجے میں کسی بھی قسم کی کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔انہوں نے شمیم آپا کی صحت یابی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## غریبوں کو درپیش مسائل صرف غریب عوامی نمائندے ہی حل کرسکتے ہیں، رضا حیدر، اعظم خان

## ایم کیوایم ملک کی تعمیر وترقی، عوام کی خوشحالی اور مسائل کے حل کیلئے کام کررہی ہے، شگر میں الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسکردو۔۔۔29، اکتوبر 2009ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور اسکردو GBLA-12 سے نامزد حق پرست امیدوار اعظم خان نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے عوام کو میدان عمل میں آنا ہوگا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ تعمیر وترقی اور عوام کی فلاح بہبود کیلئے 12 نومبر کے انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔یہ اپیل انہوں نے شگر میں الیکشن آفس کے افتتاح کے موقع پر عوام سے خطاب کے دوران کی۔قبل ازیں انہوں نے الیکشن آفس افتتاح کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی آرگنائزنگ تنظیمی کمیٹی کے ارکان، اسکردو کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ حق پرست عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا جڑ سے خاتمہ کرکے ملک کی تعمیر وترقی اور غریب عوام کی خوشحالی اور ان کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ غریبوں کو درپیش مسائل صرف غریب عوامی نمائندے ہی حل کرسکتے ہیں، گلگت بلتستان کے عوام گذشتہ 62 سالوں سے اپنے حقوق کے حصول اور اس خطے کی تعمیر وترقی کیلئے مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ووٹ دے کر آزما چکے ہیں تاہم ان جماعتوں اور ان کے نمائندوں کی جانب سے یہاں کے غریب عوام کو مایوسی ہی ملی۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام بھی اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر عمل پیرا ہوکر حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیں اور بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے، وسیم اختر

## الطاف حسین عوام کو فرسودہ جاگیردانہ نظام سے آزاد کرانے کی صلاحیت رکھتے ہیں

## گلگت میں انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت۔۔۔29، اکتوبر 2009ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے کہا ہے کہ ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے جو 62 سالوں سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کا شکار غریب عوام کو غلامی کے طوق سے نجات دلائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حلقہ گلگت GBLA-21 سے حق پرست امیدوار شاہ طاہر ایڈوکیٹ کی انتخابی مہم کے سلسلے میں غذر 3 طاؤس چوک میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب میں کیا۔کارنر میٹنگ میں عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور حق پرست امیدوار کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان موجود تھے۔وسیم اختر نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی واحد لیڈر ہیں جو عوام کو فرسودہ جاگیردانہ نظام سے آزاد کرانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ موروثی سیاست کی مخالفت کی ہے اور عوام کو صحیح راہ دکھائی یہی وجہ ہے کہ آج ملک بھر کے عوام قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے پر کاربند ہوکر ایم کیوایم کی جدوجہد کا حصہ بن رہے ہیں۔ایم کیوایم ایک ایسا نظام نافذ کرنا چاہتی ہے جہاں غریب اور امیر کا فرق ختم ہو اور سب کو برابری کے حقوق حاصل ہوں جبکہ دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے لیڈران کی طرح الطاف حسین کا بھائی یا بہن یا رشتہ دار آج تک اسمبلی کے رکن، سینیٹر، وزیر، مشیر نہیں بنے۔جو لوگ سونے کا چمچہ منہ میں لے کر پیدا ہوتے ہیں وہ غریبوں کے مسائل حل نہیں کرسکتے کیونکہ انہیں غریبوں کے مسائل کا علم ہی نہیں ہوتا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں تاکہ ان کے مسائل بھی حل ہوسکیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن یونٹ کے جوائنٹ انچارج محمد عامر کے والد، لیبر ڈویژن واٹر بورڈ یونٹ کے کارکن صلاح الدین کی ہمشیرہ، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن اسلام حسین کے والد یعقوب حسین، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن کاشف سلیم شہید کے والد ہاشم

جعفری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج ومرکزی کمیٹی کے ارکان نے بھی محمد عامر کے والد اور صلاح الدین کی ہمشیرہ کی تدفین میں شرکت کی اور سوگواران سے ملاقات کر کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## اے پی ایم ایس او پیغام حق پرستی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے،سیّد وحید الزماں
## حق پرستی کی تحریک میں کارکنان ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں (ندیم احمد خان) تربیتی نشست سے خطاب

کراچی۔۔۔29اکتوبر،2009

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئر مین سیّد وحید الزماں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ وطالبات میں پیغام حق پرستی کو فروغ دینے کیلئے اہم کردار ادا کر رہی ہے ۔یہ بات انہوں نے اُردو یونیورسٹی یونٹ اور سرسیّد یونیورسٹی یونٹ سیکٹر''اے'' کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تربیتی نشست میں سیکٹر آرگنائزر، اراکین سیکٹر کمیٹی اور کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔وحید الزماں نے کارکنان سے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو پھیلانے کیلئے محنت ولگن اور مکمل دلجمعی کیساتھ کام کریں اور شہدا کی قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریک کے مشن ومقصد کی تکمیل کیلئے کوششیں تیز کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں طالبان دہشت گرد خودکش حملے کر کے بے گناہ عوام اور معصوم طلبہ وطالبات کا چین سکون برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں،ایسی صورتحال میں جب ملک طالبان دہشت گردوں کے ہاتھوں خطرے میں ہے ہمیں اپنے اردگرد موجود مشکوک افراد اور انکی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھنی ہوگی تاکہ طالبان دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ کارکنان تحریکی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں اور اپنے اخلاق وکردار کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق مضبوط بنائیں،تعلیم پر بھرپور توجہ دیں اور حالات سے آگاہ رہنے کیلئے اخبارات کا مطالعہ بھی لازمی کریں۔مرکزی سینئر وائس چیئر مین ندیم احمد خان نے کہا کہ حق پرستی کی تحریک میں کارکنان ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں،تحریکوں میں ذمہ داریوں کا تعین تحریک کا کام آگے بڑھانے کیلئے کیا جاتا ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں جو پودا لگایا تھا آج تناور درخت بن چکا ہے،اب ہمارا فرض ہے کہ ملک بھر کے طلبہ وطالبات کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد سے آگاہ کریں تاکہ آنے والی نسلوں کی بقاء سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ کارکنان کی سوچ وفکر انقلابی ہونی چاہئے تاکہ ہم ہر مشکل وکٹھن حالات کو برداشت کرتے ہوئے ثابت قدم رہتے ہوئے قائد تحریک کی تعلیمات کے مطابق اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ تمام کارکنان کا قائد تحریک الطاف حسین سے عہد ہے کہ ہم تحریک کی ترقی ،بقا اور فروغ کیلئے ذاتی انا کو فنا کرینگے اور انفرادیت کے تصور کو اپنے آپ سے دور رکھیں گے۔

## اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر ہدایت اللہ کالج یونٹ کے یونٹ سیکریٹری عقیل شاہ کے دادا کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29اکتوبر،2009

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے حیدرآباد سیکٹر ہدایت اللہ کالج یونٹ کے یونٹ سیکریٹری عقیل شاہ کے دادا حاجی صدیق ولد عیدہ شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔مرکزی کابینہ نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے عا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## محبان پاکستان اوورسیز ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی کی فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔29اکتوبر،2009

محبان پاکستان اوورسیز ریاض سعودی عرب کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی مرحوم کی فاتحہ سوئم کراچی میں ان کی رہائشگاہ واقع عزیز آباد فیڈرل بی ایریا میں ہوئی۔اس موقع پر مرحوم ناصر یوسفی کی روح کو ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں محبان پاکستان کراچی کے ذمہ داران،کارکنان ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم اسکردو کے جواں سال کارکن محمد جابر شہید کی فاتحہ سوئم

اسکردو۔۔۔29اکتوبر،2009

اسکردو میں حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم کے سلسلے میں بجلی کے کھمبے پر ایم کیو ایم کا پرچم لگاتے ہوئے کرنٹ لگنے سے شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے جواں سال کارکن محمد جابر کی رسم قل ان کی رہائشگاہ واقع یونو گاؤں شگر میں ہوئی۔ اس موقع پر شہید کی روح کو ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، جوائنٹ انچارج رفیق، اراکین نثار، نورحسن، ضلعی کمیٹی کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم کے ذمے داران اور کارکنان نے جابر شہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

☆☆☆☆☆